DAY — 10 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025	II	24	1100	J-324	(U)

CHILD DEVELOPMENT (43)

Time : 3 Hrs. **(7 Pages)** **Max. Marks : 70**

ہدایت :- (۱) تمام ہدایات لازمی ہیں۔

(۲) جہاں ضروری ہو، اشکال بنائیں۔

(۳) بائیں جانب کُل نمبرات دیے گئے ہیں۔

(۴) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱ :- (الف) مناسب متبادل چُن کر جملے دوبارہ لکھئے۔ (6) **[18]**

(۱) پیدائشی طور پر انسان میں موجود خصوصیات کا کُھلنا / سامنے آنا کہلاتا ہے۔

(الف) آموزش

(ب) پختگی

(ج) سیکھنے کا لمحہ

(۲) پیار اور اپنا پن بچّوں کی ..... ضرورت ہے۔

(الف) نفسیاتی، سماجی

(ب) جسمانی

(ج) منطقی

(۳) عمر کے سال کے بعد بچوں کے دودھ کے دانت گر کر مستقل دانت آتے ہیں۔

(الف) 4

(ب) 5

(ج) 6

(۴) سب سے پہلا پالن گھر 1840ء میں ..... میں قائم ہوا۔

(الف) فرانس

(ب) سوڈان

(ج) امریکہ

(۵) کچھ بچوں میں پیدائشی طور پر حاصل ہونے والا نقص ..... ہوتا ہے۔

(الف) پولیو کا ہونا (Club foot)

(ب) Atrophy

(ج) دراڑ تالو (Cleft palate)

(۶) جن کھیلوں میں بچّے حرکت نہیں کرتے اسے ..... کھیل کہا جاتا ہے۔

(الف) آزاد

(ب) غیر فعال

(ج) فعال

(ب) مناسب جوڑیاں لگائیے۔ (6)

حصّہ (الف)	حصّہ (ب)
(۱) سوالات کی عمر	(الف) مارنا، لات مارنا، سانس روکنا، مکّہ مارنا
(۲) Mesomorphic	(ب) لنگڑا لولا پیر (club foot)

(۳) غصّہ کا اظہار (ج) کھیل کے ذریعے بچوں کی پڑھائی
(Temper-tantrum) کا طریقہ

(۴) ہڈّیوں کی معذوری (د) ابتدائی بچپن

(۵) روسو (Rousseau) (ذ) نشوونما پر کنٹرول

(۶) تھائرائیڈ گلینڈ (ہ) عضلاتی جسم

(Thyroid gland) (و) موٹاپا (فربہ جسم)

(ج) ہدایت کے مطابق حل کیجئے۔ (6)

(۱) درج ذیل بیان کو پڑھ کر بتایئے کہ نشوونما کی کون سی قسم ہے۔
نرسری کلاس میں بچّہ رینگنا، چلنا، کودنا اور چڑھنا جیسی فطری حرکتیں کرتا ہے۔

(۲) مندرجہ ذیل حروف کو ترتیب دیجئے کہ صحیح جواب مل سکے۔
اشارہ :– دو حصّوں سے مل کر بنا ہوا دماغ (cortex)
(ف ص ن ر ہ ک)

(۳)



درج بالا تصویر کو پہچان کر تحفظ کی کون سی قسم ہے لکھئے۔

(۴) مندرجہ ذیل اشارے کی بنیاد پر باکس مکمل کیجئے۔
استعارہ :- بچّوں کے لطف اندوزی والے پروگرام۔

	a		h	e			n	g

(۵) ذہانت نمبر (IQ) کو ناپنے کا ضابطہ (Formula) لکھئے۔

(۶) درج ذیل جملے میں کھیل کی کون سی قسم ہے پہچانئے۔

''خالی کارڈ بورڈ کے ڈبّے اور کاغذ کی پلیٹ سے لمبا ٹرک اور اس کے چکّے تیار کر سکتے ہیں۔''

سوال نمبر۲ :- (الف) مندرجہ ذیل سے کوئی چھ سوالات حل کیجئے۔ (12) **[16]**

(۱) مندرجہ ذیل جملہ صحیح ہے یا غلط بتایئے۔

''بڑھوتری کا مطلب عددی تبدیلی۔''

(۲) مغلوب اور غالب جینس یعنی کیا؟

(۳) بڑی حرکی مہارت سے کیا مراد ہے؟ اس کی مثالیں لکھئے۔

(۴) جذبات کی قسمیں بتا کر اس کی مثالیں لکھئے۔

(۵) ڈرامائی کھیل کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۶) ''کٹھ پتلی شو'' یعنی کیا؟

(۷) مندرجہ ذیل حروف کو ترتیب دیجئے تا کہ صحیح جواب مل سکے۔

(الف) اشارہ! بچوں کو سائنس سکھانی نہیں چاہیے بلکہ وہ خود سے اسے سیکھتے ہیں۔

ج و ھ ک

(ب) روسو کی تخلیق کردہ مشہور کتاب۔

''ا ل ی م ی ا''

(ب) درج ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔ (کوئی دو) (4)

(۱) ناقص غذائیت کی تعریف کیجئے۔

(۲) نشو ونما کے مراحل کی فہرست بنائیے۔

(۳) محرک اور غیر محرک کھیل میں فرق لکھئے۔ (Active and passive play)

سوال نمبر۳ :- (الف) درج ذیل میں سے کسی چار سوالوں کے جوابات لکھئے۔ (12) **[18]**

(۱) جسمانی اور نفسیاتی ضرورتوں کی درجہ بندی کیجئے۔

''قبولیت، بھوک، گھر، محبت اور شفقت، لباس، بالغ گروہ، پیاس، نیند، آرام، صحت۔

(۲) پڑھنے کی معذوری کی خاصیت بتائیے (Dyslexia)۔

(۳) درج ذیل تصویر کو پہچان کر فلسفی کا نام اور ان کے تعلیمی خیالات لکھئے۔



(۴) شرمیلے پن کی وجوہات بیان کیجئے۔ (کوئی تین)

(۵) نظم وضبط کی عام تکمیل کے بارے میں لکھئے اور کسی ایک کی تفصیل سے وضاحت کیجئے۔

(ب) مختصرنوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) (6)

(۱) ادراک (Perception)۔

(۲) والدین اور اسکول کے تعاون کی ضرورت اور اہمیت۔

(۳) کنڈرگارٹن اسکول کے مقاصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر۴ :- درج ذیل کے ''الف'' سے ایک، ''ب'' سے کوئی ایک اور ''ج'' میں سے کوئی ایک سوال حل کیجئے۔ [18]

(الف) نشو ونما کے شعبوں (areas of development) کو بیان کیجئے۔ **(6)**

یا

جسمانی نشو ونما کے شعبوں (aspects of physical development) کے بارے میں لکھئے۔

(ب) سماجی برتاؤ کی قسموں کی وضاحت کیجئے۔ (کوئی تین) **(6)**

یا

کھیل کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ضرورت کو بیان کرنے والے عوامل لکھئے۔

(ج) سوچ (Thinking) کے پری آپریشنل مرحلہ کی کوئی تین خصوصیات لکھئے۔ **(6)**

یا

درج ذیل پیراگراف پڑھ کر سوالوں کے جوابات لکھئے۔

بچّوں کو اپنے گھر میں نئے کھلونے کے بجائے اسمارٹ فون، لیپ ٹاپ اور آئی پیڈ آسانی سے مل جاتے ہیں کیونکہ یہ ہر گھر میں ہوتے ہیں۔ کیونکہ بچّہ ناتجربہ کار ہوتا ہے اس لئے وہ ان کا عادی ہوجاتا ہے۔ کام کاجی والدین حفاظت

کے نقطہ نظر سے اپنے بچّوں کو اسمارٹ فون دیتے ہیں۔ اسمارٹ فون کا عادی ہونے سے بچّوں کے دماغی اور جسمانی نشو ونما میں خلل واقع ہوتا ہے۔ دماغی نشوونما میں خلل جیسے غائب دماغی، غصّہ، توجہ کی کمی، جارحیت اور جسمانی امراض جیسے موٹاپا، سمعی و بصری مسائل، آنکھوں کے مسائل، ذہنی نشوونما کی کمی ، ان سب مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اگر بچوں کو کم عمر سے ہی موبائل کی لت لگ گئی تو زندگی بھر اس کا خراب اثر پڑے گا اور بچّے کو پوری عمر نقصان اٹھانا پڑے گا اس لئے والدین کو بچّوں کو فون سے دور رکھنے والی تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے۔

سوالات :

(۱) اسمارٹ فون کی عادت لگنے کی وجوہات کیا ہیں؟ (1)

(۲) نوکری کرنے والے والدین بچوں کو کس وجہ سے اسمارٹ فون دیتے ہیں؟ (1)

(۳) اسمارٹ فون کی وجہ سے بچّوں میں کون سے ذہنی مسائل پیدا ہوتے ہیں؟ (2)

(۴) موبائل کی لت (Mobile addiction) کو سنبھالنے (Handle) کے طریقوں کا مشورہ دیجئے۔ (2)

◆◆◆